آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **عارف حسین**

28/03/2026 09.20 AM(5 min)

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ اور لیفٹنٹ گورنروں کے ساتھ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ایک میٹنگ کی صدارت کی جس میں مغربی ایشیا میں حالیہ پیشرفت سے پیدا ہونے والی صورتحال اور ملک پر اس کے ممکنہ اثرات کی روشنی میں تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے آنے والے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے تیاری اور مربوط کاروائی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ بھارت کو اس طرح سے عالمی خلل سے نمٹنے کا تجربہ ہے۔ انہوں نے حکومت کی ترجیحات، معاشی اور تجارتی استحکام کو برقرار رکھنے، توانائی کے تحفظ کو یقینی بنانے، شہریوں کے مفادات کا تحفظ نیز صنعت اور سپلائی چین کو مضبوط بنانے پر زور دیا۔

میٹنگ میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی شرکت کی ۔

پیٹرول

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں پیٹرولیم مصنوعات ، رسوئی گیس اور ضروری اشیاءکی کوئی کمی نہیں ہے ۔ جموں میں جموں میراتھن Expo کا افتتاح کرنے کے بعد میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے لوگوں سے تاکید کی کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں ۔

زوجیلا

لداخ یوٹی کو کشمیر سے ملانے والی قومی شاہراہ پر زوجیلا دَرے کے قریب کل آئے برفانی تودے کی وجہ سے پانچ مسافر از جان جبکہ کئی دیگر کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے ۔زخمیوں کو علاج ومعالجہ کے لئے اسپتال میں بھرتی کرا لیا گیا ہے ۔

کرگل سے ہمارے نمائندے عنایت علی نے خبر دی ہے کہ علاقے میں آخری خبریں آنے تک
بچاو

اور راحت رسانی کی کاروائی جاری تھی اور درماندہ مسافروں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ واقعے کے تعلق ۓ سے لداخ خود مختار پہاڑی ترقیاتی کو نسل کر گل کے چیف ایگزیکٹیو کونسلر ڈاکٹر محمد جعفر خان نے میڈیا کو بتایا۔

-----JAFFAR----

ضلع انتظامیہ گاندربل ،پولیس اور فوج بھی علاقے میں
بچاو

کاروائیوں میں مصروف ہے۔ ایس ایس پی گاندربل خلیل پوسوال نے اس سلسلے میں میڈیا کو تفصیلات دیتے ہوئے کہا ۔ ۓ

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے گاندر بل کے زوجیلا علاقے میں برفانی تودہ گرنے سے کئی قیمتی جانوں کے زیاں پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوگوار خاندانوں کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے اس واقعے میں زخمی ہوئے افراد کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے ۔

ایل جی نے سینئر افسران سے بات کر کے
بچاو

اور امدادی کاروائیوں کا جائزہ لیا انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ وہ درماندہ افراد کی حفاظت کو یقینی بنائےں اور متاثرہ ۓ اشخاص کی ہر ممکن مدد کرےں۔

وزیر اعلیٰ زوجلا

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے زوجیلا کے قریب آئے برفانی تودے میں کئی افراد کے جان بحق ہونے پر غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوگوار کنبوں کے ساتھ اظہار تعزیت اور زخمیوں کی صحت یابی کے لیے دعا کی ہے۔

درخشاں

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بھی اس حادثے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔

کابینہ میٹنگ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں جموں میں ہوئی کابینہ میٹنگ میں گاندربل ضلع کے گوزہامہ شلوت علاقے میں دریائے جہلم پر پل کی تعمیر کی تجویز کو منظوری دی گئی ہے۔ پل کی تخمینہ لاگت 39 کروڑ روپے ہے۔

انتقال

بلال آباد قمر واری سرینگرسے تعلق رکھنے والے سابق چیف انجینئر غلام احمد مصطفی عاصمی انتقال کر گئے ہیں ۔ ان کی نماز جنازہ آج دن کے دو بجے مسجد انجم قمر واری کے جنازہ گاہ میں ادا کی جائے گی ۔ ان کی تدفین حضرت شیخ احد صاحب تاربلی ؒ کے آستانِ عالیہ واقع تاربل نوا کدل سرینگر میں ہو گی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت8 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ